# ہمارا نصب العین

دفتر برائے انگریزی زبان کے متعلمین (ELLs)، ELLs اور ان کے خاندانوں کو بہترین اسکول کے قائدین کی معاونت، والدین کی شمولیت کی حوصلہ افزائی اور ذرائع تعلیم کی بہتری کے ذریعے مساوت اور عمدہ تعلیم تک رسائی مہیا کرتا ہے- یہ دفتر ایک ایسا کڑا تدریسی ماحول تشکیل دینے کی سخت کوشش کررہا ہے جس میں تعلیمی قابلیت، زبان اور سماجی ترقی اور مختلف ثقافتوں کے تعاون پر
زور دیا جائے گا-

نیویارک شہر محکمہء تعلیم کا دفتر برائے انگریزی زبان کے متعلمین چاہتا ہے کہ آپکا بچہ تعلیمی کامیابی حاصل کرے- اس لیے ہمیں آپکو ان پروگراموں کے بارے میں بتاتے ہوئے خوشی ہورہی ہے جو ہمارے اسکولوں میں طلبا کے لیے دستیاب ہیں جو نئے داخل ہوئے ہیں اور جن کی آبائی زبان انگریزی کے علاوہ کچھ اور ہے اور انہیں ہمارے اسکولوں میں انگریزی زبان میں مہارت سیکھنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے- ہم ایسے طلبا کو انگریزی زبان کے متعلمین یا ELLs کہتے ہیں-

نیویارک شہر کے ELL پروگرام ان کی انگریزی زبان میں فروغ سے بڑھ کر زیادہ کام کرتے ہیں- اس وقت ہمارے اسکولوں میں 148000 سے زیادہ ELLs موجود ہیں جو کہ 150 مختلف زبانیں بولتے ہیں- ہمارے پروگرام زبان سیکھنے کے علاوہ طلبا کو آبائی زبان کی خواندگی کے ساتھ ساتھ دوسرے تعلیمی مضامین، جیسے سائنس اور ریاضی میں ان کے مختلف ہنر اور قابلیتوں کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کرنے میں مدد کرتے ہیں- ELLs کو ہمارے اسکولوں میں تعلیمی طور پر کامیاب ہونے کے لیے اپنی گریڈ سطح کے لیے قائم کیے گئے ان کڑے شہری اور ریاستی معیارات کی تکمیل کی ضرورت ہے جو معیارات انگریزی جاننے والے طلبا کے ہیں- اس کے لیے صرف انگریزی زبان میں معاونت کے علاوہ مدد کی ضرورت ہوتی ہے-

نیویارک شہر میں ہم دولسانی پروگرام پیش کرتے ہیں (عارضی دولسانی تعلیم اور دوہری زبان) جن میں طلبا انگریزی زبان میں منتقل ہونے کے دوران اپنی آبائی زبان کی ترقی اور مضامینی مواد میں مہارت کو مستحکم بناتے ہیں- ہم انگریزی بحیثیت دوسری زبان کا پروگرام بھی فراہم کرتے ہیں جو کہ طلبا کو نئی زبان کے صلاحیتوں میں مہارت اور مضامین کے مواد تک انگریزی زبان میں فروغ کی حکمتِ عملیوں میں مدد کرتا ہے- تمام پروگرام طلبا کو ESL کی مدد فراہم کرتے ہیں جو ان کی انگریزی کی اہلیت کے مطابق ہوتی ہے-

والدین ہونے کی حیثیت سے آپ یہ معلوم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں کہ کونسا پروگرام آپکے بچے کی تعلیمی اور ثقافتی ضروریات کو پورا کرتا ہے- ہم یہ فیصلے کرنے میں آپکے ساتھ کام کرنے کے متمنی ہیں اور آپکے بچے کی تعلیم میں آپکی شرکت کی قدر دانی کرتے ہیں- آپ بلا تکلف اپنے بچے کے اسکول کے والدین ربط دہندگان اور عملے کے ممبران سے ELL پروگرام کے بارے میں دریافت کرسکتے ہیں یا پھر اس کتابچہ میں دی گئی رابطے کی معلومات کا استعمال کریں- ہم آپ اور آپکے بچے کے لیے خوشحال اور ثمرآور سال کی خواہش کرتے ہیں-

مخلص،
**دفتر برائے** ELLs

# ELLs کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## کوئی اسکول یہ کیسے تعین کرتا ہے کہ میرا بچہ انگریزی زبان کا متعلمین ہے؟

نئے داخل ہونے والے تمام طلبا کے والدین کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک گھریلو زبان کی شناخت کا سروے (HLIS) مکمل کریں- اس سروے سے اسکول کے عملے کو پتہ چلتا ہے کہ آپ گھر میں کونسی زبان استعمال کرتے ہیں- اگر HLIS سے یہ پتہ چلے کہ آپکا بچہ انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان کا استعمال کرتا ہے تو آپکے بچے / بچی کو انگریزی کی قابلیت جانچنے کا امتحان دیا جاتا ہے جس کو لسانی شخیص سلسلہء امتحان - ترمیم شدہ (LAB-R) کہتے ہیں- اس امتحان میں کارکردگی، انگریزی زبان کے فروغ کے لیے امدادی خدمات وصول کرنے کے لیے آپکے بچے کی اہلیت کا تعین کرتی ہے- (اگر LAB-R کے نتائج سے پتہ چلے کہ کوئی بچہ ELL ہے اور گھر پر ہسپانوی زبان بولی جاتی ہے تو لسانی عبوریت تعین کرنے کے لیے اسے ہسپانوی LAB بھی لینا پڑے گا-)

## مجھے اس بات سے کون آگاہ کرے گا کہ میرا بچہ انگریزی زبان میں معاونتی خدمات کا اہل ہے؟

ایسے طلبا کی شناخت کرنا، اطلاع دینا اور انہیں تدریسی پروگراموں میں جگہ دینا اسکول کی ذمہ داری ہے-

## جب مجھے اپنے بچے کی اہلیت کے بارے میں پتہ چل جائے، تو میں پروگرام اور خدمات کے بارے میں مزید معلومات کیسے حاصل کروں؟

اسکول سے تقاضہ کیا جاتا ہے کہ وہ نئے داخل ہونے والے ELL کے والدین یا سرپرستوں کے لیے واقفیتی اجلاس منعقد کریں اور ان کو تمام دستیاب پروگراموں سے آگاہ کرے- ان اجلاسوں میں آپکو ELL پروگراموں کے متعلق اپنی آبائی زبان میں معلومات وصول کرنے اور خدمات کے بارے میں سوالات کرنے ( ترجمان کی سہولت کے ساتھ) کا موقع فراہم ہوگا- ہر واقفیتی اجلاس کے بعد اسکول کا عملہ والدین کا سروے اور پروگرام انتخابی فارم اکھٹے کرتے ہیں، جن پر یہ ظاہر کیا گیا ہوگا کہ آپ نے اپنے بچے کے لیے کس پروگرام کو چنا ہے-

## میرے بچے کے لیے کون سے ELL پروگرام دستیاب ہیں؟

- **عارضی دولسانی زبان (TBE)** کے پروگرام میں طالب علم کی آبائی زبان میں فنونِ زبان اور مضامینی مواد کی تدریس شامل ہے اور ساتھ میں انگریزی بحیثیت دوسری زبان کی بہت جامع ہدایات بھی- جیسے جیسے طالب علم کی آبائی زبان میں حاصل کی گئی علمی تقویت اور تعلیمی مہارت کے استعمال سے انگریزی میں مہارت بڑھتی جاتی ہے، اسکو انگریزی میں دی جانے والی تعلیم زیادہ اور اسکی آبائی زبان میں تعلیم کم ہوتی جاتی ہے-
- **دوہری زبان** کے پروگراموں میں آدھی تعلیم انگریزی میں اور آدھی تعلیم پروگرام میں موجود ELL کی آبائی زبان (مثلاً ہسپانوی، چینی، ہیشن کریؤل) میں دی جاتی ہے- آبائی زبان کے طلبا، انگریزی بولنے والے طلبا کے ساتھ ساتھ پڑھائے جاتے ہیں تاکہ تمام طلبا دو ثقافتی ہوں اور دونوں زبانوں پر عبور حاصل کریں-
- **خودمختار انگریزی بحیثیت دوسری زبان (ESL)** کے پروگراموں میں خاص تدریسی حکمت عملیوں کے استعمال کے ذریعے تمام فنونِ زبان اور مضامینی مواد کی تعلیم انگریزی میں دی جاتی ہے- آبائی زبان میں امداد دستیاب ہے-

## ELL پروگرام سے نکل کر یکلسانی میرا بچہ کس و انگریزی کلاسوں میں منتقل ہوسکتا ہے؟

جب نیویارک ریاست کے انگریزی بحیثیت دوسری زبان میں آپکے بچے (NYSESLAT) کی قابلیت کے امتحان کے اسکور استعداد کی ایک مخصوص سطح پر ہوں گے، تو وہ ایک یکلسانی تعلیمی پروگرام میں داخل ہوسکتا ہے- (دوہری زبان کے طلبا کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس پروگرام میں اس کے ختم ہونے تک رہیں)- اگر آپکا بچہ انگریزی میں مہارت حاصل کرنے کے بعد تمام انگریزی کی یکلسانی کلاسوں میں داخل ہوجاتا ہے، تو وہ حسب ضرورت دولسانی یا انگریزی بحیثیت دوسری زبان کی اعانت وصول کرسکتا ہے-

# ELL پروگرام کے انتخاب اور تقرری کے بارے میں اہم یاد دہانیاں

- ایک ELL کو اس کے درج ہونے کے دس دن کے اندر اندر کسی عارضی دولسانی تعلیمی پروگرام (TBE)، دوہری زبان، یا خودمختار انگریزی بحیثیت دوسری زبان (ESL) میں تقرر کیا جانا چاہیے۔
- تحقیقات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جو طلبا مسلسل طور پر ایک ہی پروگرام میں رہتے ہیں وہ جلد انگریزی میں مہارت حاصل کر لیتے ہیں اور انکی تعلیمی کارکردگی ان طلبا کی نسبت بہتر ہوتی ہے جو ایک پروگرام سے دوسرے میں جاتے رہتے ہیں۔
- اگر آپ کا منتخب کردہ TBE پروگرام آپکے بچے کے اسکول میں دستیاب نہیں ہے، تو اسکول کے عملے کو آپکو اس ضلعے کے بارے میں مطلع کرنا چاہیئے جہاں TBE پروگرام دستیاب ہو۔ تمام ELLs کو کم از کم ایک ESL پروگرام ملنا چاہیے۔
- اگر آپ نے والدین سروے اور پروگراموں کا انتخابی فارم مکمل نہیں کیا ہے، تو اسکول آپکے بچے کو ایک TBE پروگرام میں داخل کر دے گا، اگر دستیاب ہو۔ ورنہ اسے ESL پروگرام میں داخل کر دیا جائے گا۔
- جب آپکا بچہ نیویارک ریاست کے انگریزی بحیثت دوسری زبان کی قابلیت کے امتحان (NYSESLAT) میں ریاستی تعین شدہ قابلیت کی سطح سے زیادہ اسکور حاصل کرتا ہے، تو وہ ایک تمام انگریزی میں تعلیم کے پروگرام میں جا سکتا ہے۔ آپکے بچے کو دولسانی یا ESL اعانت متواتر وصول ہوسکتی ہے۔
- ہر تعلیمی سال کی شروعات سے قبل آپکے بچے کی انگریزی میں مہارت کی سطح کے مطابق آپ کو آپکے بچے کی امدادی خدمات وصول کرنے کی اہلیت (جسکا اندازہ اس کے NYSESLAT کے اسکور سے لگایا جائے گا) کے بارے میں مطلع کیا جاتا رہے گا۔
- ایسے ELLs کے لیے خدمات کی فراہم انکے انفرادی تعلیمی منصوبے (IEP) کے مطابق ہوگی جو خاص تعلیم خدمات بھی وصول کررہے ہوں۔

## آپ اپنے بچے کی تعلیم میں مندرجہ ذیل طریقوں سے حصہ لے سکتے ہیں:

- یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ ہر روز اسکول آئے اور سیکھنے کے لیے تیار ہو۔
- یہ یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ روزانہ مطالعہ کرے، تعلیمی مضامین پر کام کرے اور اپنا گھر کا تفویض کردہ کام مکمل کرے۔
- اسکول کی سرگرمیوں میں حصہ لیں، جیسے کلاس کے دورے، اسمبلیاں، والدین - استاد انجمن (PTA)، انجمنِ والدین (PA) کے اجلاس۔
- تمام والدین - استاد کانفرنسوں میں شرکت کریں۔
- ایسی تمام ورکشاپ اور کانفرنسوں میں شرکت کریں جو خاص طور پر آپ کی اپنے بچے کی مدد کرنے میں آپکی اعانت کے لیے تشکیل دی گئی ہیں۔
- اپنے بچے کو لائبریری کارڈ بنوانے میں مدد کریں اور اسکو اکثر لائبریری لے کر جائیں۔
- اپنے بچے کے اسکول میں رضاکار والدین کے طور پر کام کریں۔
- گھر میں پڑھنے اور مطالعہ کے لیے معاون ماحول پیدا کریں۔
- اپنے بچے کے ساتھ روز اپنی آبائی زبان میں مطالعہ کریں اور اسکی روزانہ 30 منٹ مطالعہ کرنے کے لیے ہمت افزائی کریں۔

## مزید معلومات کے لیے، آپ

- اپنے بچے کے استاد، پرنسپل، والدین ربط دہندہ سے بات کر سکتے ہیں۔
- 311 پر فون کرکے اپنے مقامی علاقائی یا ضلع دفتر کا پتہ لیں اور وہاں کا دورہ کریں۔
- دفتر برائے ELLs کو 6072-374(212) پر فون کریں۔
- محکمہء تعلیم کی ویب سائٹ ملاحظ کریں: http://school.nyc.gov/Academics/ELL.

T&I-9528 (Urdu)

NYC Department of Education
Joel I. Klein
Chancellor



NYC Department of Education

# انگریزی زبان کے متعلمین کے والدین کے لیے رہنمائی کتابچہ



دفتر برائے انگریزی زبان کے متعلمین